چوتهی شرط: حرام گوشت حیوان کے اجزاء سے نہ بنا ہو

چوتهی شرط: حرام گوشت حیوان کے اجزاء سے نہ بنا ہو

مسئلہ۸۶۔ نماز پڑهنے والے کا لباس حرام گوشت حیوان کے اجزاء سے نہ بنا ہو حتی کہ اگر حرام گوشت حیوان کا ایک بال بهی نماز پڑهنے والے کے بدن یا لباس کے ساته ہوتو نماز باطل ہے۔

مسئلہ۸۷۔ اگر حرام گوشت حیوان مثلا ًبلی کی پاک رطوبت مثلا منہ یا ناک کا پانی نماز پڑهنے والے کے بدن یا لباس پر لگ جائے تو نماز باطل ہے مگر یہ کہ خشک ہونے کے بعد برطرف ہوجائے۔ اسی طرح حرام گوشت پرندوں کا فضلہ نماز پڑهنے والے کے بدن یا لباس پر لگا ہو تو اس کے ساته نماز باطل ہے لیکن اگر خشک ہونے کے بعد بدن یا لباس سے زائل ہوجائے نماز صحیح ہے۔

مسئلہ۸۸۔ اگر انسان کا بال، پسینہ اور منہ کا پانی، موم، شہد، مروارید اور صدف نماز پڑهنے والے کے بدن یا لباس پر لگا ہو تو نماز میں کوئی اشکال نہیں ہے۔

مسئلہ۸۹۔ اس لباس کے ساته کہ جس کے بارے میں شک ہو کہ حرام گوشت حیوان کے اجزاء سے بنا ہے یا حلال گوشت حیوان کے اجزاء سے؟ نمازپڑهنا صحیح ہے۔